## سوال

(539) مقدس اوراق کی تلفی کا طریقہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جن صفحات پر اللہ اور محمد ﷺ کا نام ہو ان مقدس صفحات کو کیسے تلف کریں ۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح کے مقدس اوراق جن میں اللہ تعالی کا ذکر اور احترام والے نام یا آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ پائی جائیں ان کی حفاظت کرنا اور ان کا خیال رکھنا واجب اور ضروری ہے ۔ انہیں کسی ایسی جگہ پر نہ پھینکا جائے جہاں پر ان کی توہین کا پہلو نکلتا ہو۔

اور جب ان اوراق سے آپ فارغ ہو جائیں اور ان کی ضرورت ختم ہو جائے تو انہیں باعزت طریقے سے یا تو کسی پاک صاف جگہ پر دفن کر دیا جائے اور یا پھر انہیں جلا دیا جائے ( جیسا کہ سیدنا عثمان نے کیا تھا ) یا انہیں کسی حفاظت والی جگہ سنبھال کر رکھا جائے مثلا الماری وغیرہ میں ۔ ۔

شیخ ابن باز 1740; عنہ کا فتوی ۔ ، دیکھیں کتاب فتاوی اسلامیۃ ( 313/4 ) ۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1